# پیس (پاکستان) لمیٹڈ

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پیس (پاکستان) لمیٹڈ ("کمپنی" یا "پیس") کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام ("EOGM") بروز بدھ مؤرخہ 24 ستمبر 2025ء کو بوقت 11:00 بجے دن کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ-III، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور**

1. 10 فروری 2025ء کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

**خصوصی امور**

2. **کمپنی کی ذیلی کمپنی پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں کمپنی کی مکمل شیئر ہولڈنگ یعنی 9,161,528 عمومی حصص (کل شیئر ہولڈنگ کا 56.79%) کی فروخت کو زیر غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا۔ اس بابت مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور عمومی قرارداد بمعہ/ علاوہ ترمیم منظور کرنا:**

"قرار پایا کہ کمپنی کے بہترین مفاد میں خصوصی شرائط وضوابط پر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کسی ایک ڈائریکٹر کو پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں -/10 روپے فی حصص پار ویلیو پر 250,617,131 عمومی حصص (کل شیئر ہولڈنگ کا 52.21%) جس کی کل مالیت -/2,756,788,441 روپے) دو ارب پچھتر کروڑ سڑسٹھ لاکھ اٹھاسی ہزار چار سو اکیالیس روپے سے کم نہ ہو تک ارتداد سرمایہ بحق فرسٹ کیپٹل سیکورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ، میڈیا ٹائمز لمیٹڈ اور ایور گرین واٹر ویلی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے لئے ضروری اقدامات کرنے کا باقاعدہ مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔"

"**مزید قرار پایا** کہ مذکورہ بالا حصص کی فروخت مکمل کرنے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کسی ایک ڈائریکٹر/ کمپنی سیکریٹری کو یہاں تمام ضروری کارپوریٹ، ریگولیٹری اور قانونی تقاضے پورے کرنے اور ضروری منظوریاں حاصل کرنے کے لئے باقاعدہ طور پر مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔"

3. **کمپنی کی ذیلی کمپنی پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں کمپنی کی مکمل شیئر ہولڈنگ یعنی 250,617,131 عمومی حصص (کل شیئر ہولڈنگ کا 52.22%) کی فروخت کو زیر غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا۔ اس بابت مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور عمومی قرارداد بمعہ/ علاوہ ترمیم منظور کرنا:**

"قرار پایا کہ کمپنی کے بہترین مفاد میں خصوصی شرائط وضوابط پر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کسی ایک ڈائریکٹر کو پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں -/10 روپے فی حصص پار ویلیو پر 9,161,528 عمومی حصص (56.79% کی مکمل شیئر ہولڈنگ) جس کی کل مالیت -/452,854,329 روپے) پینتالیس کروڑ اٹھائیس لاکھ چون ہزار تین سو انتیس روپے سے کم نہ ہو تک ارتداد سرمایہ بحق فرسٹ کیپٹل سیکورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ کے لئے ضروری اقدامات کرنے کا مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔"

"**مزید قرار پایا** کہ مذکورہ بالا حصص کی فروخت مکمل کرنے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کسی ایک ڈائریکٹر/ کمپنی سیکریٹری کو یہاں

تمام ضروری کارپوریٹ، ریگولیٹری اور قانونی تقاضے پورے کرنے اور ضروری منظوریاں حاصل کرنے کے لئے باقاعدہ طور پر مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

4. **کمپنی کے مکمل ٹرم فائنس سرٹیفکیٹس کی بابت واجب الادا قرضہ کی تبدیلی کے ذریعے %10.00 رعایت کے ساتھ 9.00 روپے کی قیمت پر کیش کے علاوہ رقم کے عوض اور رائٹ کے علاوہ 10.00 روپے فی حصص پاروبلیو کے حامل 255,210,130 عمومی حصص کے اجراء کو منظور کرنا اور مناسب سمجھنے پر زیرِ غور لانا۔ اس بابت مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد بمعہ/ علاوہ ترمیم منظور کرنا:**

'' **قرار پایا** کہ مروجہ قوانین کی تعمیل اور کمپنیز ایکٹ 2017ء (بمعہ مروجہ قوانین) کے سیکشن (b)(1)83 کی پیروی میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') کی منظوری سے مشروط کمپنی کو %10.00 رعایت کے ساتھ 9.00 روپے کی قیمت پر کیش کے علاوہ رقم کے عوض اور رائٹ کے علاوہ 10.00 روپے (دس روپے) فی حصص پاروبلیو کے حامل 255,210,130 عمومی حصص بحق TFC ہولڈرز جاری کرنے کا مجاز ٹھہرایا جاتا ہے جس کی کمپنی اکاؤنٹس میں واجبات کی ادائیگی باقی ہے۔
حصص کا اجراء پاروبلیو پر %10 رعایت کے ساتھ 9.00 روپے فی حصص پر کیا جائے گا۔''

'' **مزید قرار پایا** کہ کیش کے علاوہ معاوضہ اور رائٹ کے علاوہ عمومی حصص کے اجراء کے لئے کمپنی کو تمام امور بروئے کار لانے اور SECP کی منظوریاں اور/ یا دیگر ریگولیٹری منظوریاں حاصل کرنے کے لئے ضروری درخواستیں جمع کرانے کا مجاز اور بااختیار بنایا جاتا ہے لیکن یہ فہرست یہاں تک محدود نہیں۔''

'' **مزید قرار پایا** کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو یا کسی ایک ڈائریکٹر اور/ یا چیف فائنشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری یا کسی کی جانب سے مجاز ٹھہرایے جانے والی دیگر فرد/ افراد کو یہاں مشترکہ اور جداگانہ حیثیت میں تمام ضروری دستاویز تیار اور پیش کرنے، تمام ضروری اقدامات کرنے اور فائلنگ مکمل کرنے، CDC،PSX اور SECP کو درخواستیں جمع کرانے، حسب ضرورت کمپنی کی جانب سے/ کے لئے کمپنی کے نام پر تمام امور اور کام بروئے کار لانے یا ان کی صوابدید پر مذکورہ بالا قراردادوں کے مقاصد حاصل کرنے اور ان پر عمل درآمد کرنے کے لئے باقاعدہ طور پر مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

'' **مزید قرار پایا** کہ مذکورہ بالا قراردادیں SECP یا دیگر مجاز ریگولیٹری اداروں کی ہدایات اور تجاویز کے مطابق ترامیم، تبدیلیوں، اضافہ یا حذف سے مشروط ہوں گی جب کہ یہ تبدیلیاں ان قراردادوں کا لازمی جزو شمار ہوں گی اور اس کے لئے شیئر ہولڈرز کی جانب سے خصوصی قرارداد منظور کرنے کی ضرورت نہ ہوگی تاوقتیکہ مذکورہ ترامیم خاص نوعیت کی نہ ہوں۔''

5. **کیش کے علاوہ یعنی غیر منقولہ پراپرٹیز کے عوض %10 کی رعایت کے ساتھ 9.00 روپے فی حصص قیمت پر رائٹ کے علاوہ 116,511,111 کے اجراء کو زیرِ غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا۔ اس بات مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد بمعہ/ علاوہ ترامیم منظور کرنا۔**

'' **قرار پایا** کہ مروجہ قوانین کی تعمیل اور کمپنیز ایکٹ 2017ء (بمعہ مروجہ قوانین) کے سیکشن (b)(1)83 کی پیروی میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') کی منظوری سے مشروط کمپنی کو %10.00 رعایت کے ساتھ 9.00 روپے کی قیمت پر کیش کے علاوہ یعنی غیر منقولہ پراپرٹیز کے عوض اور رائٹ کے علاوہ 10.00 روپے (دس روپے) فی حصص پاروبلیو کے حامل

116,511,111 (گیارہ کروڑ پینسٹھ لاکھ گیارہ ہزار ایک سو گیارہ) عمومی حصص بحق مخصوص افراد جاری کرنے کا مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔

حصص کا اجراء پار ویلیو پر 10% رعایت کے ساتھ 9.00 روپے فی حصص پر کیا جائے گا۔''

''**مزید قرار پایا** کہ رائٹ کے علاوہ اور کیش کے علاوہ معاوضہ پر عمومی حصص کے اجراء کے لئے مروجہ قوانین کے تحت درکار SECP کی منظوری اور/ یا دیگر ریگولیٹری منظوریاں حاصل کرنے کے لئے ضروری درخواستیں جمع کرانے کی بابت کمپنی کو تمام ضروری اقدامات اٹھانے کے مجاز اور بااختیار ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''**مزید قرار پایا** کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو یا کسی ایک ڈائریکٹر اور/ یا چیف فائنشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری یا کسی کی جانب سے مجاز ٹھہرایے جانے والی دیگر فرد/ افراد کو یہاں مشترکہ اور جداگانہ حیثیت میں تمام ضروری دستاویز تیار اور پیش کرنے، تمام ضروری اقدامات کرنے اور فائلنگ مکمل کرنے، PSX، CDC اور SECP کو درخواستیں جمع کرانے، حسب ضرورت کمپنی کی جانب سے/ کے لئے کمپنی کے نام پر تمام امور اور کام بروئے کار لانے یا ان کی صوابدید پر مذکورہ بالا قراردادوں کے مقاصد حاصل کرنے اور ان پر عمل درآمد کرنے کے لئے باقاعدہ طور پر مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''**مزید قرار پایا** کہ مذکورہ بالا قراردادیں SECP یا دیگر مجاز ریگولیٹری اداروں کی ہدایات اور تجاویز کے مطابق ترامیم، تبدیلیوں، اضافہ یا حذف سے مشروط ہوں گی جب کہ یہ تبدیلیاں ان قراردادوں کا لازمی جز وشمار ہوں گی اور اس کے لئے شیئر ہولڈرز کی جانب سے خصوصی قرارداد منظور کرنے کی ضرورت نہ ہوگی تاوقتیکہ مذکورہ ترامیم خاص نوعیت کی نہ ہوں۔''

6. **رائٹ کے علاوہ اور کیش کے علاوہ یعنی قرضے کی تبدیلی (مارک اپ حصہ) کے عوض 10% کی رعایت کے ساتھ 9.00 روپے فی حصص قیمت پر PAIR انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے 13,477,339 عمومی حصص کے اجراء کو زیر غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا۔ اس بابت مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد بمعہ/ علاوہ ترامیم منظور کرنا۔**

''قرار پایا کہ مروجہ قوانین کی تعمیل اور کمپنیز ایکٹ 2017ء (بمعہ مروجہ قوانین) کے سیکشن (b)(1)83 کی پیروی میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') کی منظوری سے مشروط کمپنی کو 10.00% رعایت کے ساتھ 9.00 روپے کی قیمت پر کیش کے علاوہ یعنی PAIR انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ کی جانب واجب الادا قرض (مارک اپ حصہ) کی تبدیلی کے عوض اور رائٹ کے علاوہ 10.00 روپے (دس روپے) فی حصص پار ویلیو کے حامل 13,477,339 (ایک کروڑ چونتیس لاکھ ستتر ہزار تین سو انتالی) عمومی حصص بحق مخصوص جاری کرنے کا مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔

حصص کا اجراء پار ویلیو پر 10% رعایت کے ساتھ 9.00 روپے فی حصص پر کیا جائے گا۔''

''**مزید قرار پایا** کہ رائٹ کے علاوہ اور کیش کے علاوہ معاوضہ پر عمومی حصص کے اجراء کے لئے مروجہ قوانین کے تحت درکار SECP کی منظوری اور/ یا دیگر ریگولیٹری منظوریاں حاصل کرنے کے لئے ضروری درخواستیں جمع کرانے کی بابت کمپنی کو تمام ضروری اقدامات اٹھانے کے مجاز اور بااختیار ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''**مزید قرار پایا** کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو یا کسی ایک ڈائریکٹر اور/ یا چیف فائنشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری یا کسی کی جانب سے مجاز ٹھہرایے جانے والی دیگر فرد/ افراد کو یہاں مشترکہ اور جداگانہ حیثیت میں تمام ضروری دستاویز تیار اور پیش کرنے، تمام ضروری

اقدامات کرنے اور فائلنگ مکمل کرنے، CDC،PSX اور SECP کو درخواستیں جمع کرانے ،حسب ضرورت کمپنی کی جانب سے/ کے لئے کمپنی کے نام پر تمام اموراور کام بروئے کار لانے یا ان کی صوابدید پر مذکورہ بالا قراردادوں کے مقاصد حاصل کرنے اوران پر عمل درآمد کرنے کے لئے باقاعدہ طور پر مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا قرارداد یں SECP یا دیگر مجاز ریگولیٹری اداروں کی ہدایات اور تجاویز کے مطابق ترامیم،تبدیلیوں، اضافہ یا حذف سے مشروط ہوں گی جب کہ یہ تبدیلیاں ان قراردادوں کا لازمی جز وشمار ہوں گی اوراس کے لئے شیئر ہولڈرز کی جانب سے خصوصی قرارداد منظور کرنے کی ضرورت نہ ہوگی تاوقتیکہ مذکورہ ترامیم خاص نوعیت کی نہ ہوں۔''

7. **860.00 ملین روپے (چھیاسی کروڑ روپے ) کے عوض میڈیا ٹائمز لمیٹڈ سے پرنٹ اور سوشل میڈیا بزنس کے حصول کو زیر غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا۔ اس بابت مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد بمعہ/ علاوہ ترامیم منظور کرنا:**

''قرار پایا کہ میڈیا بزنس سرگرمیوں کو چلانے کے لئے بذریعہ خرید کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو میڈیا ٹائمز لمیٹڈ سے مندرجہ ذیل بزنس حاصل کرنے کے لئے ضروری اقدامات اٹھانے کا باقاعدہ مجاز ٹھہرایا جاتا ہے:

| **نام بزنس** | **زرمعاوضہ نقد (ملین روپوں میں )** |
|---|---|
| ڈیلی ٹائمز انگریزی روزنامہ | 600.00 |
| آج کل اردو روزنامہ | 200.00 |
| سنڈے ٹائمز میگزین | 50.00 |
| | |
| **سوشل میڈیا بزنس** | |
| بزنس پلس | 3.00 |
| ذائقہ ٹی وی | 3.00 |
| Wikkid ٹی وی | 3.00 |
| TGF میگزین | 1.00 |
| **میزان** | **860.00** |

''مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو مروجہ قوانین کے تحت اور میڈیا بزنس سرگرمیوں کو چلانے کی غرض سے درکار تمام ریگولیٹری منظور یا حاصل کرنے کے لئے ضروری درخواستیں جمع کرانے جیسے اہم اقدامات اٹھانے کا باقاعدہ مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

8. **کمپنی کے مجاز سرمایہ کو موجودہ سرمایہ یعنی 10.00 روپے فی حصص میں تقسیم 600,000,000 ملین حصص مبلغ 6,000,000,000 روپے سے 10.00 روپے فی حصص پر 1800,000,000 ملین حصص میں تقسیم 18,000,000,000 روپے تک بڑھانے پر غور کرنا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا اور اس بابت مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرار بمعہ/ علاوہ ترامیم منظور کرنا:**

''قرار پایا کہ کمپنی کے مجاز سرمایہ حصص میں -/10 روپے فی حصص میں تقسیم 600,000,000 (چھے سوملین) حصص مبلغ -/6,000,000,000روپے (چھے ارب روپے) سے -/10 روپے فی حصص میں تقسیم 1,800,000,000 (اٹھارہ سو ملین) حصص مبلغ -/18,00,000,000 روپے (ایک ارب آٹھ سوملین روپے) تک اضافہ کیا جاتا ہے۔ لہٰذا کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 4 میں حسب ضرورت ترمیم کی جاتی ہے۔''

''مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا کی بابت کمپنی کے چیف ایگزیکٹو یا کسی ایک ڈائریکٹر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو تمام کارپوریٹ اور قانونی تقاضے پورے کرنے کا مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کی بابت اعلامیہ لف ہذا ہے۔

یاد رہے کہ اجلاس عام میں تحائف تقسیم نہیں کئے جائیں گے۔ شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ SECP کی جاری کردہ ہدایات برائے اجلاس عام میں پیشہ ورانہ عمل کے مطابق اجلاس کے اکرام کا خیال رکھیں۔

بحکم بورڈ

سجاد احمد
کمپنی سیکریٹری

لاہور:
02 ستمبر 2025ء

مندرجات:

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر Books مؤرخہ 18 ستمبر 2025ء تا 24 ستمبر 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار/ ٹرانسفر ایجنٹ کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر میں 17 ستمبر 2025ء کو کاروبار بند ہونے تک موصول ٹرانسفر کو مذکورہ بالا مقصد کے لئے بروقت وصولی شمار کیا جائے گا۔
2. ایک رکن اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔
3. CDC سے ایک انفرادی بینی فیشل اونر بابت حصص کو اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنا اصلی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ نمبر اور شراکت آئی ڈی ہمراہ لانا ہوگا۔ CDC سے کارپوریٹ ممبرز کا نمائندہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/ یا مختارنامہ بمعہ نامزد فرد کے نمونہ کے دستخط ہمراہ لائیں گے۔
4. **غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت**

غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت کے لئے 17 ستمبر 2025ء تک کمپنی کتابوں میں ظاہر ہونے والے شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ 23 ستمبر 2025ء کو 11:00 بجے دن تک sajjadahmad@pacepakistan.com؛ jawahar@pacepakistan.com پر مندرجہ ذیل معلومات فراہم کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ساتھ اپنا اندراج کرائیں:

| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا مکمل نام | کمپنی | شناختی کارڈ نمبر | فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر | ای میل آئی ڈی** | موبائل فون نمبر** |
|---|---|---|---|---|---|
| | پیس (پاکستان) لمیٹڈ | | | | |

**شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنا فعال ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر فراہم کریں۔

SRO.452(I)2025 کے تقاضوں کے تحت اور بذریعہ ای میل تمام ممبران کو نوٹس جاری کیا جائے گا۔

لاگ ان کی سہولت اجلاس کے انعقاد سے تیس منٹ پہلے کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء شناختی عمل کے بعد اجلاس میں شرکت کر سکیں۔ شیئر ہولڈرز شناخت اور تصدیق کے تمام تر تقاضے پورے کرنے کے بعد اپنے آلات کے ذریعے EOGM کی کارروائی میں لاگ ان کر کے شرکت کر سکیں گے۔

a) شیئر ہولڈرز sajjadahmad@pacepakistan.com؛ jawahar@pacepakistan.com یا وٹس ایپ نمبر 0303-4444800، 0302-8440935 پر 23 ستمبر 2025ء کو 11:00 بجے دن تک EOGM کے ایجنڈا آئٹمز اپنی آراء اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے شیئر ہولڈرز کو اپنا مکمل نام، شناختی کارڈ نمبر اور فولیو نمبر ظاہر کرنا ہوگا۔

b) اپنی شرکت کو یقینی بنانے کے لئے شیئر ہولڈرز کو EOGM میں بذریعہ پراکسی شرکت کی تلقین کی جاتی ہے۔

**5. ای-ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ**

تمام اراکین کو SRO.451(I)2025 مؤرخہ 13 مارچ، 2025ء کے تحت بذریعہ پول/ پوسٹل بیلٹ اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کا اختیار ہوگا۔ اراکین کی سہولت کے لئے بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے جو کمپنی کی ویب سائٹ https://pacepakistan.com سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے بھی دستیاب ہے۔

**ای-ووٹنگ کا طریقہ کار**

a) ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ بذریعہ ای میل شیئر کی جائیں گی جن کے کارآمد CNIC نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 17 ستمبر 2025ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی اراکین کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

b) ویب ایڈریس، لاگ ان تفصیلات اور پاس ورڈ سے متعلق اراکین کو بذریعہ ای میل آگاہ کیا جائے گا۔ اراکین کو سکیورٹی

کوڈ کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ (بطور ای ووٹنگ خدمات فراہم کنندہ) SMS کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

c) ای-ووٹمنگ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ ان توثیق کے ذریعے کی جائے گی۔

d) اراکین 20 ستمبر 2025ء کو صبح 09:00 بجے سے 23 ستمبر 2025ء کو شام 05:00 بجے تک کسی بھی وقت آن لائن ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ووٹنگ 23 ستمبر 2025ء کو شام 05:00 بجے بند ہو جائے گی۔ ایک رکن کی جانب سے قرارداد پر ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد وہ اس میں تبدیلی کے مجاز نہ ہوں گے۔

**بذریعہ پوسٹل بیلٹ پیپر ووٹنگ کا طریقہ کار**

اراکین یقینی بنائیں گے کہ باقاعدہ پر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ شناختی کارڈ کی نقل اجلاس کے چیئرمین کو کمپنی کے پتہ فرسٹ کیپٹل ہاؤس ، 96-B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو بذریعہ ڈاک یا بذریعہ ای میل sajjadahmad@pacepakistan.com کو پولنگ کے دن سے ایک یوم قبل کام کے اوقات کار میں پہنچ جانا چاہئے۔ بیلٹ پیپر پر دستخط شناختی کارڈ پر موجود دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔

**سکروٹینائزر کی تقرری**

میسرز جنیدی شعیب اسد، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو پوسٹل بیلٹ ضوابط کے قاعدہ 11 کے تحت سکروٹینائزر مقرر کیا گیا ہے۔

**6. فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 کے تحت کمیشن کے بتائے گئے انداز اور تاریخ کے مطابق ہر موجودہ لسٹ کمپنی کے لئے اپنے فزیکل شیئرز بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا لازمی ہوگا جس کا دورانیہ ایکٹ کی تاریخ اطلاق یعنی 30 مئی 2017ء سے چار سال سے زائد نہیں ہوگا۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ کے ساتھ براہِ راست CDC میں CDC ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کی تلقین کی جاتی ہے تا کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو غیر کاغذی صورت میں تبدیل کر سکیں۔

**7. پتہ میں تبدیلی**

1. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے اراکین سے التماس ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی کی صورت میں ہمارے شیئر رجسٹرار، کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو فی الفور آگاہ کریں۔
2. CDC میں شیئرز رکھنے کی صورت میں پتہ میں تبدیلی کی درخواست براہ راست بروکر/شریک/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو دی جائے گی۔

**8. شناختی کارڈ کی نقل جمع کرانا**

1. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے انفرادی اراکین یا وہ اراکین جنہوں نے تا حال اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی نقل جمع نہیں کرائی ہے ان سے التماس ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل فوراً جمع کرائیں۔

2. CDC میں شیئرز رکھنے کی صورت میں شناختی کارڈ اپ ڈیٹ کرنے کی درخواست براہ راست بروکر/شریک/CDC انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کودی جائے گی۔

**9. پراکسی**

1. پراکسی کی تقرری کا دستاویز اور مختارنامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت اسے پر دستخط کئے گئے ہیں یا مختارنامہ کی مصدقہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس ، 96-B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III ، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرائی جائے۔

2. پراکسیز کی تقرری کے لئے شیئر ہولڈرز کو مندرجہ ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

a. فزیکل شیئر ہولڈنگ، اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ رکھنے والے فرد واحد اور/ یا ایسے افراد جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہیں اوران کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ضوابط کے مطابق درج ہیں کی صورت میں شیئر ہولڈر کو اس کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

b. پراکسی فارم پر دو گواہان کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر درج ہوں گے۔

c. بینی فیشل اونر اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے۔

d. کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ بمعہ نمونہ کے دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائے جائیں گے (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں)۔

**<u>کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 134 کے ذیلی سیکشن 3 کے تحت بیان</u>**

یہ بیان 24 ستمبر 2025ء منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں زیر بحث لائے جانے والے خصوصی امور کی بابت مادی حقائق پر مشتمل ہے۔

**(1) پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے عمومی حصص کی فروخت**

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 20 جون 2025ء میں کمپنی کی ذیلی کمپنی پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں کمپنی کی مکمل (100%) شیئر ہولڈنگ فرسٹ کیپٹل سکیوٹیز کارپوریشن لمیٹڈ کو فروخت کرنے کی منظوری دی۔ جس کا زر معاوضہ 452,854,329/- روپے (پینتالیس کروڑ اٹھائیس لاکھ چون ہزار تین سو انتیس روپے) سے کم نہیں ہوگی یا کمپنی کے بہترین مفاد میں شرائط وضوابط کے تحت ہوگی۔

پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ بطور پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی 27 مارچ 2003ء کو قائم ہوئی۔ پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی بنیادی سرگرمیوں میں اراضی اور پلاٹوں کی خرید وفروخت، تعمیر، لیز، عمارتوں، شاپنگ مالز، سپر مارکیٹس اور پلازوں وغیرہ کی کرایہ داری وانتظام شامل ہیں۔

فی الوقت پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی غیر منقولہ پراپرٹی کا رقبہ 04 کنال 18.67 مرلہ ہے جو 33/G-2، 33/G-3 عزیز بھٹی روڈ، سرور روڈ، لاہور کینٹ، لاہور میں واقع ہے جس کا مقصد سپر مال کی تعمیر اور بعد ازاں اس کی فروخت ہے۔ اگرچہ PSM نے اس اراضی پر تعمیرات کے آغاز کے لئے متعلقہ محکموں سے منظوریاں حاصل کر لی ہیں لیکن PSM نے تاحال اپنے تجارتی امور کا آغاز نہیں کیا ہے۔

کمپنی نے مذکورہ پراپرٹی کی خرید کے عوض PSM کو 22.60 ملین روپے پیشگی زر بھی ادا کر دیا ہے۔

پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا رجسٹرڈ دفتر فرسٹ کیپٹل ہاؤس، B/1-96، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور میں واقع ہے۔ پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا موجودہ مجاز سرمایہ حصص -/10 روپے فی حصص پار ویلیو کے ساتھ -/16,500,000 عمومی حصص میں تقسیم -/165,000,000 روپے ہے۔ جب کہ جاری کردہ، سبسکرائبڈ اور ادا شدہ سرمایہ -/10 روپے فی حصص پار ویلیو کے ساتھ -/16,131,000 عمومی حصص میں تقسیم -/161,316,000 روپے ہے۔ کمپنی پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں %56.80 شیئر ہولڈنگ کی مالک ہے۔

کمپنی کی ذیلی کمپنی پیس گجرات (پرائیویٹ) لمیٹڈ پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں -/1,943,490 عمومی حصص (%12.048) کی مالک ہے۔

30 جون 2024ء کے تازہ ترین پڑتال شدہ کھاتوں کے مطابق پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی فی حصص بریک اپ قیمت 9.956 روپے ہے۔

گذشتہ دو برسوں کے لئے پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے نفع و نقصان کھاتے کا اقتباس حسب ذیل ہے:

| تفصیلات | جون 2024 (ہزار روپوں میں) | جون 2023 (ہزار روپوں میں) |
|---|---|---|
| آپریٹنگ نفع/ (نقصان) | کوئی نہیں | کوئی نہیں |
| خالص نفع/ (نقصان) علاوہ ٹیکس | کوئی نہیں | کوئی نہیں |
| فی حصص آمدنی/ (خسارہ) - بیسک و ڈائیلیوٹڈ | کوئی نہیں | کوئی نہیں |

گذشتہ دو برسوں کے لئے پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی مالیاتی حالت حسب ذیل ہے:

| تفصیلات | جون 2024 (ہزار روپوں میں) | جون 2023 (ہزار روپوں میں) |
|---|---|---|
| غیر حالیہ اثاثہ جات | - | - |
| حالیہ اثاثہ جات | 184,035 | 184,035 |
| کل اثاثہ جات | 184,035 | 184,035 |
| کل ایکویٹی (سرمایہ حصص اور ذخائر) | 160,606 | 160,606 |
| غیر حالیہ واجبات | - | - |
| حالیہ واجبات | 23,429 | 23,429 |
| کل واجبات | 184,035 | 184,035 |

پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے حصص کی فیئر ویلیو کا تعین -/452,854,329 روپے (پینتالیس کروڑ اٹھائیس لاکھ چون ہزار تین سو انتیس روپے) کیا گیا ہے۔

پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے حصص کی قیمت فروخت حصص کی فیئر ویلیو کے مساوی ہے۔ جس کا تعین 19 جون 2025ء کو کیا گیا تھا۔

20 جون 2025ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے شیئر ہولڈرز کو تجویز دی کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کسی ایک ڈائریکٹر

کو پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں -/10 روپے فی عمومی حصص پر 9,161,528 عمومی حصص (مکمل 100% شیئر ہولڈنگ) کے ارتداد سرمایہ بحق فرسٹ کیپٹل سیکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ کے لئے ضروری اقدامات کرنے کا باقاعدہ مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔ جس کی قیمت فروخت حصص کی فیئر ویلیو سے کم نہ ہو۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یہ بھی منظور کیا ہے کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کسی ایک ڈائریکٹر یا کمپنی سیکریٹری کو ذیلی کمپنی میں حصص کی فروخت کے لئے تمام ضروری کارپوریٹ، ریگولیٹری اور قانونی تقاضے پورے کرنے اور ریگولیٹری منظوری حاصل کرنے کے لئے مجاز ٹھہرا کر شیئر ہولڈرز کی منظوری حاصل کی جائے۔

**(2) پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کے عمومی حصص کی فروخت**

20 جون 2025ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی ذیلی کمپنی پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کی مکمل (100%) شیئر ہولڈنگ یعنی 250,617,131 حصص بحق فرسٹ کیپٹل سیکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ اور ایورگرین واٹر ویلی (پرائیویٹ) لمیٹڈ -/2,756,788,411 روپے (دو ارب پچھتر کروڑ سڑسٹھ لاکھ اٹھاسی ہزار چار سو گیارہ روپے) تک قیمت فروخت پر اور کمپنی کے بہترین مفاد میں معقول شرائط و ضوابط پر فروخت کرنے کی منظوری دی۔

پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ (''PBPL'') 22 نومبر 2005ء کو بطور پبلک لمیٹڈ کمپنی قائم ہوئی۔ پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کی بنیادی سرگرمیوں میں شاپنگ مال، اپارٹمنٹس، ولاز اور تجارتی عمارتوں کا حصول، تعمیر، ترقی، فروخت یا کرایہ داری اور ہاسپٹلٹی کاروبار کرنا شامل ہیں۔

پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ فی الوقت ایئر پورٹ روڈ، لاہور کینٹ میں کثیر المقاصد رئیل اسٹیٹ پروجیکٹ کی مالک ہے۔ پروجیکٹ زیر تعمیر ہے جس کا 75% کام مکمل ہو چکا ہے البتہ PBPL نے تا حال تجارتی سرگرمیاں شروع نہیں کی ہیں۔

پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کا رجسٹرڈ آفس فرسٹ کیپٹل ہاؤس B/1-96، ایم ایم عالم روڈ گلبرگ III لاہور میں واقع ہے۔ پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کا موجودہ مجاز سرمایہ حصص -/10 روپے فی حصص پار ویلیو پر 480,000,000 حصص میں تقسیم -/4,800,000,000 روپے ہے۔ اجراء شدہ، سبسکرائبڈ اور ادا شدہ سرمایہ -/10 روپے فی حصص پار ویلیو پر 479,999,494 حصص میں تقسیم -/4,7999,994,940 روپے ہے۔ کمپنی پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں 52.20% شیئر ہولڈنگ کی مالک ہے۔

کمپنی کی ذیلی کمپنی فرسٹ کیپٹل سیکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ اور کمپنی حصص کے خریدار اجلاس کے نوٹس کی تاریخ تک پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں 54,791,061 عمومی حصص (11.42%) کے مالک ہیں۔

30 جون 2024ء کو سالانہ پڑتال شدہ کھاتوں کے مطابق پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کی فی حصص بریک اپ ویلیو 12.97 روپے ہے۔

گذشتہ دو برسوں کے لئے پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کے نفع و نقصان اکاؤنٹ کا اقتباس حسب ذیل ہے:

| تفصیلات | جون 2024 (ہزار روپوں میں) | جون 2023 (ہزار روپوں میں) |
|---|---|---|
| آپریٹنگ نفع/(نقصان) | (737,325) | 5,130 |
| خالص نفع/(نقصان) علاوہ ٹیکس | (600,305) | (295,062) |
| فی حصص آمدنی/(خسارہ)- بیسک و ڈائیلیوٹڈ | (1.25) | (0.96) |

گذشتہ دو برسوں کے لئے پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کی مالیاتی حالت حسب ذیل ہے:

| تفصیلات | جون 2024 (ہزار روپوں میں) | جون 2023 (ہزار روپوں میں) |
|---|---|---|
| غیر حالیہ اثاثہ جات | 5,495,684 | 5,197,630 |
| حالیہ اثاثہ جات | 2,930,775 | 2,046,611 |
| کل اثاثہ جات | 8,426,459 | 7,244,241 |
| کل ایکویٹی (سرمایہ حصص اور زخائر) | 6,227,014 | 5,083,95 |
| غیر حالیہ واجبات | 808,127 | 1,143,715 |
| حالیہ واجبات | 1,391,318 | 1,016,571 |
| کل واجبات | 8,426,459 | 7,244,241 |

پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کے حصص کی فیئر ویلیو کا تعین 11.00 روپے فی حصص کیا گیا ہے جس کی کل مالیت -/2,756,788,441 روپے (دو ارب پچھتر کروڑ سڑسٹھ لاکھ اٹھاسی ہزار چار سو اکیالیس روپے) بنتی ہے۔

پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کے حصص کی قیمت فروخت 22 جولائی 2025ء کو قوانین کے تحت مقرر کردہ حصص کی فیئر ویلیو کے مساوی ہے۔

20 جون 2025ء کو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے شیئر ہولڈرز کو تجویز دی کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/کسی ایک ڈائریکٹر کو کمپنی کی ذیلی کمپنی پیس بارکہ لمیٹڈ میں -/10 روپے فی حصص پر 250,617,131 عمومی حصص (مکمل 100% شیئر ہولڈنگ) کے ارتداد سرمایہ بحق فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ اور ایور گرین واٹر ویلی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے لئے ضروری اقدامات کرنے کا باقاعدہ مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔ جس کی قیمت فروخت حصص -/2,756,788,411 روپے (دو ارب پچھتر کروڑ سڑسٹھ لاکھ اٹھاسی ہزار چار سو اکیالیس روپے) سے کم نہ ہو۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز یہ بھی منظور کیا کہ کمپنی کی ذیلی کمپنی میں حصص کی فروخت کے لئے تمام ضروری کارپوریٹ، ریگولیٹر اور قانونی تقاضوں اور دیگر منظوریوں کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکریٹری کو مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔

## S.R.O 423 (I)/2018 مؤرخہ 03 اپریل 2018ء کے تحت اظہار

| ذیلی کمپنی کا نام | پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ | پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ |
|---|---|---|
| ذیلی کمپنی میں انویسٹمنٹ کی بک ویلیو اور لاگت | 91,212,0000 | 2,506,077,000 |
| ذیلی کمپنی کے حصص کی قیمت کی بنیاد پر ذیلی کمپنی کی مارکیٹ ویلیو | ذیلی کمپنی کی کل مارکیٹ ویلیو -/452,854,329 روپے ہے جو قانون کے مطابق طے شدہ ذیلی کمپنی کی فیئر ویلیو کے مساوی ہے | ذیلی کمپنی کی کل مارکیٹ ویلیو -/2,756,788,441 روپے ہے جو قانون کے مطابق طے شدہ ذیلی کمپنی کی فیئر ویلیو کے مساوی ہے |
| لسٹڈ ذیلی کمپنی کی صورت میں | اطلاق نہیں ہوتا | اطلاق نہیں ہوتا |

| | | |
|---|---|---|
| نان لسٹڈ ذیلی کمپنی کی صورت میں رجسٹرڈ تخمینہ کار کی جانب سے مالیت کا تخمینہ | ذیلی کمپنی کی فیئر ویلیو -/452,854,329 روپے ہے جس کا تعین قانون کے مطابق کیا گیا ہے | ذیلی کمپنی کی فیئر ویلیو -/452,854,329 روپے ہے جس کا تعین قانون کے مطابق کیا گیا ہے |
| تازہ ترین پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کے مطابق ذیلی کمپنی کی کل مالیت | -/160,606,000 روپے | -/6,227,014,000 روپے |
| قیمت فروخت کے تعین اور اس کے استعمال کی بنیاد ذیلی کمپنی میں سرمایہ داری کی کل قیمت فروخت | PSM کی مکمل شیئر ہولڈنگ کی قیمت فروخت -/452,854,329 روپے ہے جو حصص کی فیئر ویلیو کے مساوی اور جس کا تعین قانون کے مطابق کیا گیا ہے<br>کمپنی فروخت سے حاصل آمدنی کو (1) کمپنی کے واجبات کی جزوی ادائیگی (2) متبادل کاروباری منصوبے کی رقم کے بھاری حصے کے لئے استعمال ہوگی۔ | P S M کی مکمل شیئر ہولڈنگ کی قیمت فروخت -/2,756,788,441 روپے ہے جو حصص کی فیئر ویلیو کے مساوی اور جس کا تعین قانون کے مطابق کیا گیا ہے<br>کمپنی فروخت سے حاصل آمدنی کو (1) کمپنی کے واجبات کی جزوی ادائیگی (2) متبادل کاروباری منصوبے کی رقم کے بھاری حصے کے لئے استعمال ہوگی۔ |
| اراکین کو ممکنہ طور پر حاصل ہونے والے عددی و مقداری فوائد | ذیلی کمپنی کی فروخت کی منطق یہ ہے کہ PSM سال 2003ء میں درج ہوئی اور متعدد ریگولیٹری اور قانونی مسائل کے باعث PSM عزیز بھٹی روڈ/ سرور روڈ پر واقع اپنی پراپرٹی پر ترقیاتی کام شروع نہ کر سکی اور کمپنی طویل عرصہ گزرنے کے بعد بھی اپنی انویسٹمنٹ سے فائدہ نہ حاصل کر سکی۔ | ذیلی کمپنی کی فروخت کی منطق یہ ہے کہ PBPL سال 2005ء میں رجسٹر ہوئی اور PBPL کے پروجیکٹ کا آغاز 2008ء میں ہوا لیکن لیکویڈیٹی مسائل کے باعث PBPL اپنے پروجیکٹ واقع ایئر پورٹ روڈ لاہور کینٹ پر ترقیاتی کام مکمل نہ کر سکی۔ |

3) **-/2,296,891,170 روپے کے ٹرم فائننس سرٹیفکیٹس کی بابت کے کل واجب الادا قرضہ کی تبدیلی کے ذریعے 10.00% رعایت کے ساتھ 9.00 روپے فی حصص کی قیمت پر کیش کے علاوہ رقم کے عوض اور رائٹ کے علاوہ 10.00 روپے فی حصص پار ویلیو کے حامل 255,210,130 عمومی حصص کا اجراء**

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے شیئر ہولڈرز کو تجویز کیا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو **10.00%** رعایت کے ساتھ 9.00 روپے فی حصص کی قیمت پر کیش کے علاوہ رقم کے عوض اور رائٹ کے علاوہ 10.00 روپے فی حصص پار ویلیو کے حامل 255,210,130 (پچیس کروڑ باون لاکھ دس ہزار ایک سو تیس) عمومی حصص جاری کرنے کے لئے تمام اقدامات اٹھانے کا مجاز ٹھہرایا جائے۔

مندرجہ ذیل انفرادی TFC ہولڈرز جن کے ذمے 1,214,493,354 روپے کے بنیادی زر اور مارک اپ اور 134,943,706

حصص کے اجرا کی بابت واجب الادا ہے:

| نام | واجبات (بنیادی زر+ مارک اپ) (روپے) | تعداد حصص بشرح 9.00 روپے فی حصص |
|---|---|---|
| WS انجینئرنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | 298,890,900 | 33,210,100 |
| جناب ایچ ایم ثاقب خادم | 213,493,500 | 23,721,500 |
| محترمہ خدیجہ شعیب | 87,034,184 | 9,670,465 |
| محترمہ حمیرا عطاء | 172,218,090 | 19,135,343 |
| جناب محمد بشارت قیوم | 99,630,300 | 11,070,033 |
| فراز احمد خان | 200,897,384 | 22,321,931 |
| عبدالقدوس خان | 142,329,000 | 15,814,333 |
| | | |
| **میزان** | **1,214,493,354** | **134,943,706** |

مذکورہ بالا TFC ہولڈرز کے علاوہ بورڈ نے CEO / کسی ایک ڈائریکٹر کو بقیہ TFC ہولڈرز سے مذاکرات کے لئے مجاز ٹھہرایا ہے تاکہ انہیں -/1,082,397,812 کے بقیہ واجبات کی 10.00% رعایت کے ساتھ -/9.00 روپے فی حصص پر 10.00 روپے فی حصص کے 120,266,424 عمومی حصص میں تبدیلی کا موقع مل سکے تاکہ کمپنی مکمل طور پر TFC ہولڈرز کے واجبات ادا کر سکے۔

نئے مجوزہ حصص ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ عمومی حصص کے مساوی ہوں گے۔ بغیر رائٹ پیشکش کے حصص کے اجراء کے لئے بورڈ کی پیشکش شیئر ہولڈرز اور کمیشن کی منظوری سے مشروط ہے۔

**4) نقد کے علاوہ یعنی غیر منقولہ پراپرٹیز کے عوض اور بغیر رائٹ کے 10% رعایت پر 9.00 روپے فی حصص کی شرح سے 10.00 روپے فی حصص ویلیو کے 116,511,111 (گیارہ کروڑ پینسٹھ لاکھ گیارہ ہزار ایک سو گیارہ) عمومی حصص کا اجراء:**

20 جون 2025ء کو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے شیئر ہولڈرز کو تجویز کیا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو مندرجہ ذیل غیر منقولہ پراپرٹیز کے عوض اور بغیر رائٹ کے 10% رعایت پر 9.00 روپے فی حصص کی شرح سے 10.00 روپے فی حصص ویلیو کے 116,511,111 (گیارہ کروڑ پینسٹھ لاکھ گیارہ ہزار ایک سو گیارہ) عمومی حصص کے اجراء کے لئے تمام ضروری اقدامات اٹھانے کا مجاز ٹھہرایا جائے:

| افراد کے نام جن کو حصص جاری کئے جائیں گے | پراپرٹی کی تفصیل | 9.00 روپے فی حصص کی شرح سے تعداد حصص |
|---|---|---|
| | | |
| پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ | 04 کنال 18.67 مرلے واقع G-2/33-، 3-33G عزیز بھٹی روڈ، سرور روڈ لاہور کینٹ لاہور | 91,200,000 |

| | | |
|---|---|---|
| جناب وسیم اصغر | رقبہ تعدادی 5,695 مربع فٹ واقع 21st پیس ٹاورز، H-27، گلبرگ III، لاہور | 25,311,111 |
| **میزان** | | **116,511,111** |

کمپنی فی الوقت پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں 56.79% حصص کی مالک ہے اور بورڈ نے تجویز کیا ہے کہ کمپنی کے آئندہ EOGM میں شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط کمپنی ان حصص کو فروخت کرے۔ پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں کمپنی کی شیئر ہولڈنگ کی فروخت پر کمپنی مذکورہ بالا پراپرٹی خرید کرے گی اور اس کے عوض پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو 91,200,000 حصص جاری کرے گی۔

پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 14 جولائی 2007ء کو کمپنی کے جاری کردہ ٹرم فائنس سرٹیفکیٹس کے ارتداد کو یقینی بنانے کے لئے 2-33/G، 3-33/G عزیز بھٹی روڈ، لاہور کینٹ لاہور میں واقع پراپرٹی پر 2,000 ملین روپے (دو ہزار ملین روپے) کا رہن چارج قائم کرنے کی منظوری دی۔

دراصل کمپنی کے TFC ہولڈرز کی جانب کمپنی کے واجبات کی ادائیگی کے لئے مذکورہ پراپرٹی پہلے ہی ٹرسٹی کو رہن کی ہوئی ہے۔

سال 2005ء میں کمپنی نے پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ریئل اسٹیٹ پروجیکٹس میں کچھ پراپرٹیز خریدنے کے لئے 22.60 ملین روپے بھی ادا کئے ہیں جسے مذکورہ بالا پراپرٹی پر تعمیر کیا جائے گا۔ البتہ تاحال ادا شدہ رقم کو ایڈجسٹ نہ کیا گیا ہے کیونکہ پیس سپر مال کی اراضی پر کوئی پروجیکٹ شروع نہ کیا گیا ہے۔ لہٰذا، یہ رقم پراپرٹی کے معاوضہ سے ایڈجسٹ کی جائے گی۔

کمپنی اس پراپرٹی سے دستبردار ہونے کے لئے TFC ہولڈرز سے مذاکرات کر رہی ہے کیونکہ TFC ہولڈرز کے واجبات واضح طور پر کم ہوئے ہیں اور کمپنی کی ملکیتی پراپرٹیز سکیورٹی تقاضوں کو پورا کرنے اور TFC ہولڈرز کی جانب واجبات کے مارجن کے لئے کافی ہیں۔ پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 20 اگست 2025ء میں حصص کے عوض کمپنی کو مذکورہ بالا پراپرٹی فروخت کرنے کی منظوری دی۔

21st پیس ٹاور، H-27 گلبرگ III لاہور میں 227.800 ملین روپے (دو سو ستائیس ملین آٹھ سو ہزار روپے) مالیت کی پراپرٹی رقبہ تعدادی 5,695 موجود ہے جسے حصص کے اجراء کے عوض پیش کیا گیا ہے۔ چونکہ پراپرٹی کمپنی کے پروجیکٹ پیس ٹاور میں واقع ہے لہٰذا بورڈ نے کمپنی کے حصص کے عوض یہ پراپرٹی خریدنے کی منظوری دی ہے۔

نئے مجوزہ شیئر ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ عمومی حصص کے مساوی ہوں گے۔

بغیر رائٹ آفر کے حصص کے اجراء کے لئے بورڈ کی پیشکش شیئر ہولڈرز اور کمیشن کی منظوری سے مشروط ہے۔

**5) رائٹ کے علاوہ اور نقد کے علاوہ یعنی مالیاتی واجبات (مارک اپ پورشن) کی تبدیلی کے عوض 10% رعایت پر 9.00 روپے فی حصص قیمت پر PAIR انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے حق میں 13,477,339 حصص کے اجراء کو زیر غور لانا اور منظور کرنا**

